© rasailojaraid.com



کے اندر تعصب پیدا ہو جائے اور اس کی غور و فکر کی صلاحیت منجمد ہو کر رہ جائے۔

۳۔ کسی گناہ پر اس کو اصرار ہو۔ تکبر میں مبتلا ہو یا ہوائے دنیا میں گرفتار ہو۔

۴۔ اس نے تفسیر پڑھ رکھی ہو اور یہ گمان کرتا ہو کہ قرآنی الفاظ کے معانی صرف ان روایتوں میں منحصر ہیں جو ابن عباس اور مجاہد وغیرہ سے مروی ہیں اور ان کے علاوہ اس کی کوئی اور تفسیر ممکن نہیں جس میں رای کا کوئی دخل ہو اور یہ کہ جس نے تفسیر قرآن میں اپنی رائے کا استعمال کیا تو اسے جہنم میں اپنا ٹھکانا بنالینا چاہئے۔ یہ تصور بھی فہم قرآن کی راہ میں ایک بڑا حجاب ہے۔

اس کتاب میں مصنف کا منہاج یہ ہے کہ وہ پہلے سورہ کا ربط سورہ ماقبل سے واضح کرتے ہیں۔ پھر وہ سورہ کے مرکزی مضمون کا ذکر کرتے ہیں جسے وہ محور السورہ کہتے ہیں اس کے بعد وہ سورہ کے نظم سے بحث کرتے ہیں۔

مقدمہ میں مولانا اصلاحی اور ان کی تدبر قرآن کا ذکر ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہ یہ قیمتی کتاب اردو میں ہے اور ابھی تک اس کا کسی اور زبان میں ترجمہ نہیں ہوسکا ہے اور اس طرح گویا ان کی دست رس میں نہیں ہے۔ پوری کتاب میں کہیں بھی مولانا حمید الدین فراہی یا ان کی کسی تحریر کا ذکر نہیں ہے یہ کتاب مبتدیوں کے لئے مفید ہے۔

## (۲) قرآن اور سائنس (سیمینار مقالات)

ترتیب : عبدالعلی اور ظفرالاسلام

ناشر : ادارہ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

سن اشاعت : ۲۰۰۳ء

صفحات : ۳۲۰

قیمت : ۱۵۰ روپے

شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڈھ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ نے قرآن اور سائنس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے موضوع پر ایک سہ روزہ قومی سیمینار ۸۔۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء کو منعقد کیا تھا۔ اس سیمینار میں جدید جامعات میں تحقیق وتدریس میں مصروف اساتذہ اور محققین کے علاوہ علماء کرام بھی معتد بہ تعداد میں شریک ہوئے۔ موضوع زیر بحث پر بڑی تعداد میں علمی اور تحقیقی مقالات پیش کیے گئے۔ مقالات انگریزی اوراردو دونوں زبانوں میں پیش کیے گئے، زیر نظر کتاب اس سیمینار میں پیش کیے گئے اردو مقالات کا مجموعہ ہے۔ انگریزی مقالات کا مجموعہ پہلے ہی شائع ہو چکا ہے۔

قرآن اور سائنس کے درمیان کس قسم کا تعلق ہے؟ قرآن میں کائنات اور مظاہر فطرت کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں جو بے شمار آیات موجود ہیں ان کی تشریح سائنس کی روشنی میں کی جا سکتی ہے یا نہیں؟ قرآنی نظریہ کائنات اور سائنسی نظریہ کائنات کے درمیان توافق پایا جاتا ہے یا تناقض؟ قرآن اور سائنس کے نظریہ ہائے علم کے درمیان کوئی قدر مشترک ہے یا نہیں؟ یہ اوراس طرح کے سوالات ادھر کچھ دنوں سے علماء اور محققین کے درمیان موضوع بحث بنے ہوئے ہیں۔ یہ سیمینار اوراس میں پیش ہونے والے مقالات دراصل انہیں سوالات کے جواب فراہم کرنے کی ایک کامیاب کوشش ہے۔

پیش لفظ، غرض مرتبین، افتتاحی خطبہ اور کلیدی خطبہ کے علاوہ مجموعہ ۱۴ مقالات پر مشتمل ہے۔ آخر میں اس موضوع میں دلچسپی رکھنے والوں کی سہولت اور رہنمائی کے لئے قرآن اور سائنس کے موضوع پر ایک منتخب کتابیات بھی شامل اشاعت ہے۔ اس مجموعہ میں شامل مضامین کی نوعیت، اہمیت اورافادیت کا کسی قدر اندازہ ان کے عناوین سے لگایا جاسکتا ہے۔ اس مجموعہ میں شامل مقالات کے موضوعات کی تفصیل درج ذیل ہے۔ آیات قرآنی کی سائنسی تعبیر وتشریح۔ خطرات اوران کا تدارک، قرآن کریم اور عقلی استدلال، امام رازی کی تفسیر میں عقلی دلائل، الجواہر فی تفسیر القرآن الکریم کے سائنسی مباحث۔ ایک تجزیاتی مطالعہ، علم آدم، قرآن حکیم اور علم الجنین، قرآن مجید اور علم الجنین، تخلیق ازواج کا قرآنی اصول اور سائنسی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کلیات، قرآن کریم میں مذکور، ستة ایام، کی سائنسی توضیح، پانی۔ قرآن کریم اور سائنس کی رو سے، قرآن حکیم کا نظریہ حفظ صحت اور میڈیکل سائنس، قرآنی احکام اور طب، ماحولیاتی آلودگی۔ مسائل اور حل، قرآن کریم کی رو سے، اور قرآن کریم اور ماحولیات کا تحفظ۔ مقالہ نگاروں میں مولانا ضیاء الدین اصلاحی، پروفیسر محمد یسین مظہر صدیقی، پروفیسر الطاف احمد اعظمی، پروفیسر احتشام احمد ندوی، پروفیسر حکیم سید محمد کمال الدین، پروفیسر وسیم احمد، ڈاکٹر ظفر الاسلام، ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام، ڈاکٹر جمشید احمد ندوی، ڈاکٹر ضیاء الدین فلاحی، ڈاکٹر قیصر حبیب ہاشمی اور ڈاکٹر شمیم ارشاد اعظمی کے اسماء گرامی شامل ہیں۔ کلیدی خطبہ ڈاکٹر محمد ریاض کرمانی کا ہے۔

صاف ظاہر ہے کہ موضوعات میں بڑا تنوع پایا جاتا ہے اور ان میں موضوع زیر بحث کا مختلف جہات سے احاطہ کیا گیا ہے۔ کلیدی خطبہ میں سیمینار کے بنیادی مبحث سائنس اور قرآن کے باہمی تعلق کو بڑی وضاحت سے پیش کیا گیا ہے اور اس مسئلہ کا بڑے معروضی انداز میں جائزہ لیا گیا ہے کہ اس تعلق کی نوعیت کیا ہے اور ان کے درمیان کس حد تک توافق پایا جاتا ہے نیز یہ کہ قرآن کریم کی سائنسی توجیہ کے امکانات کس حد تک پائے جاتے ہیں۔

## (۳) قرآن اور جدید سائنس۔ مشاہدات کی روشنی میں

مصنف : سید محمد انس ندوی

ناشر : مسلم ویلفیر ایجوکیشنل سوسائٹی، ڈی ۳، جی۔ٹی۔بی نگر کریلی، الہ آباد

سن اشاعت : ۲۰۰۳

صفحات : ۱۳۶

قیمت : ۴۰ روپئے

اعجاز قرآن کے بہت سے پہلو ہیں۔ ان میں ایک بہت نمایاں اور اہم پہلو اس کے علمی اعجاز کا ہے چنانچہ اس کے عجائب کبھی ختم ہونے والے نہیں ہیں۔ کائنات

© rasailojaraid.com